سوال

(372) سوگ والی عورت کیلئےاپنے سر کو دھونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سماحۃالشیخ!یہ فرمائیں کیاجو عورت سوگ میں ہے 'اس کیلئے اپنا سر دھونے میں بھی کوئی پابندی ہے ؟ اگر وہ اپنے سر کو چکنے مواد اور خوشبودار کریموں سے دھوئے تو اس پر کیا لازم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوگ والی عورت جب چاہےاپنے سر کو بیری کے پتوں یا کسی ایسی چیز سے دھو سکتی ہے جس میں خوشبو نہ ہو 'خوشبودار تیل لگانا کسی ایسی چیز سے دھونا جس میں خوشبو ہو جائز نہیں ہے 'کیونکہ رسول اللہؐ نے سوگ والی عورت کو خوشبو استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے : ہاں البتہ غسل حیض کے وقت معمولی مقدار میں بخور وغیرہ استعمال کر سکتی ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب العدہ : جلد 3 صفحہ 351

محدث فتویٰ